203

203-100773 I

Total No. of Questions - 16
Total No. of Printed Pages - 4

Regd. No.

Part - II
URDU - Paper - II
(Second Language)

Time : 3 Hours **Max. Marks : 100**

نوٹ:- تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان محاذی درج ہیں۔

I - خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھتے ہوئے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے: 2x3=6

(1) مجھے سہل ہوگئیں منزلیں وہ ہوا کے رُخ بھی بدل گئے
تر اہاتھ ہاتھ میں آگیا کہ چراغ راہ میں جل گئے

(2) تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(3) وہی بات جو نہ وہ کہہ سکے مرے شعر و نغمہ میں آ گئی
وہی لب نہ میں جنہیں چھو سکا قدحِ شراب میں ڈھل گئے

(4) دستِ بیگم کا نشاں گالوں پہ ماشاءاللہ
آپ اس درجہ ہیں مظلوم مجھے کیا معلوم

II - ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 1x6=6

(1) گلزارِ وطن (2) اجنبی

III - ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے: 1x6=6

(1) مضمون ''سرسید مرحوم اور اردو لٹریچر'' کے اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

(2) خاکہ ''مولانا محمد علی جوہر'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

IV - ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے: 1x8=8

(1) ''جھنڈا اونچا رہے ہمارا'' میں افسانہ نگار نے کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

(2) افسانہ ''جنت کی تلاش'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے:

V - ذیل میں سے کوئی دو سوالات کے جوابات دیجئے: 2x3=6

(1) مومن خاں مومن کی شاعرانہ خوبیوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔

(2) اختر الایمان کی زندگی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں۔

(3) قیسی قمر نگری کا تعارف اپنے الفاظ میں کیجئے۔

(4) سرور جہاں کے کلام پر مختصر نوٹ لکھئے۔

VI - متن کے حوالے سے دو اقتباسات کی تشریح کیجئے: 2x3=6

(1) ''میں جب دیکھتا ہوں کہ اب بہت دن ہو گئے ہیں۔ تو ہفتوں پہلے سے ارادہ کرتا ہوں اور آخر زبردستی ٹھیل ٹھیل کر اپنے تئیں لے جاتا ہوں تو کوٹھی پر جا کر وہی بے نظمی، وہی بے عزتی۔''

(2) یہ 'احمد آباد ناروے یا سویڈن کے پاس کوئی نیا مقام ہے؟ کیونکہ آپ کی بستیاں تو انھیں علاقوں میں سُنی جاتی ہیں۔''

(3) ''اوّل تو خدا کے فضل سے ہم سینما کبھی وقت پر نہیں پہنچ سکے، اس میں میری سُسی کو ذرا دخل نہیں یہ سب قصور ہمارے دوست مرزا صاحب کا ہے۔''

(4) ''کسی بلا کے بولنے اور لکھنے والے تھے، بولتے تو معلوم ہوتا بوالہول کی آواز اہرام مصری سے ٹکرا رہی ہے، لکھتے تو معلوم ہوتا کرب کے کارخانے میں توپیں ڈھل رہی ہیں۔ یا پھر شاہ جہاں کے ذہن میں تاج کا نقشہ مرتب ہو رہا ہے۔''

VII - ذیل میں سے کسی دو کے مختصر جواب لکھئے: 2x3=6

(1) نظم اجنبی میں شاعر نے اجنبی کی تعریف کس انداز میں کی؟ لکھئے۔

(2) فردوس کا نمونہ شاعر کس کو قرار دینا چاہتا ہے اور کیوں۔

(3) بارش کی وجہ سے شاعر کے دل پر کیا اثر ہوا۔

(4) نظم بارش میں شاعر نے بارش کے قبل کے منظر کو کس طرح بیان کیا۔

VIII - ذیل میں سے کسی دو کے مختصر جواب لکھئے: 2x3=6

(1) انگریز افسر نے نذیر احمد سے ملاقات کے لئے کتنا وقت انتظار کروایا؟

(2) دیا سلائی رانی کے بجائے خود کو بیگم کیو کہتی ہے۔

(3) مرزا صاحب کی وجہ سے پطرس بخاری کو کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔

(4) ''آبسیڈن'' کسے کہتے ہیں؟

IX - حسب ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھئے: 5x1=5

(1) ظفر علی خاں نے کس کے پاس پرائیوٹ سیکریٹری کی حیثیت سے کام کیا۔

(2) سرورؔ جہاں آبادی پہلے کونسا تخلص استعمال کرتے تھے۔

(3) اختر الایمان نے کس کالج سے بی۔اے۔کی تعلیم حاصل کی۔

(4) اختر الایمان کے طنزیہ ڈرامہ کا نام کیا ہے۔

(5) سرورؔ جہاں آبادی کی پیدائش کہاں ہوئی۔

X - حسبِ ذیل سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھئے۔ 5x1=5

(1) رفیعہ منظور الامین کے افسانوی مجموعے کونسے ہیں۔

(2) رشید احمد صدیقی کے لکھے ہوئے مضمون کا نام کیا ہے۔

(3) پطرس بخاری کب اور کہاں پیدا ہوئے۔

(4) مولانا شبلی کی کوئی دو کتابوں کے نام لکھئے۔

(5) نذیر احمد کا اصل نام کیا ہے۔

XI - صحیح جوڑ ملائیں: 5x1=5

(1) ماں	(A) قراۃ العین حیدر	( )	
(2) جھنڈا اونچا رہے ہمارا	(B) واجدہ نسیم	( )	
(3) فوٹو گرافر	(C) شکیلہ اختر	( )	
(4) میٹر گرتا ہے!	(D) جیلانی بانو	( )	
(5) جنّت کی تلاش	(E) صادقہ نواب سحر	( )	

XII - ذیل میں سے کسی پانچ کی تعریف کرتے ہوئے مثالیں بھی دیجئے۔ 5x2=10

(1) حرفِ ربط (2) سکتہ (3) ختمہ (4) سوالیہ (5) رابطہ

(6) وقفہ (7) حرفِ تخصیص (8) قوسین (9) حرفِ عطف

(10) حرفِ فجائیہ

203-100723

XIII - ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کو سابقے یا لاحقے لگا کر لکھئے۔ 5x1=5

(1) پاک (2) پان (3) پرہیز (4) مول

(5) وفا (6) کام (7) جادو (8) مذہب

(9) عقل (10) جان

XIV - (A) ذیل کے جملوں میں محاوروں کی شناخت کیجئے: 5x1=5

(1) زید اپنی بہن کے ہاتھ پیلے کرنے میں مصروف ہے۔

(2) دولت کی خاطر دوست نے احمد پر منتر پھونکا۔

(3) احمد نے امتحان میں ورق ورق کو بیان کر دیا۔

(4) سرکاری ملازمت ملنے پر وہ ہوا سے باتیں کرنے لگا۔

(5) عرصہ بعد ماں سے مل کر دل باغ باغ ہوا۔

(B) ذیل میں سے کوئی پانچ الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے: 5x1=5

(1) حسن و جمال (2) ہوش و حواس (3) عجیب و غریب

(4) گرد و غبار (5) صبح و شام (6) حلال و حرام

(7) شان و شوکت (8) دوست و دشمن (9) رنج و غم

(10) آغاز و انجام

(XV) ذیل کے جملوں کو رموز و اوقاف کا استعمال کرتے ہوئے درست کیجئے۔ 5x1=5

(1) یہ کیا ہے

(2) آج کام ختم ہو گیا

(3) انڈیا گیٹ (INDIA GATE) جو دہلی میں ہے

(4) شاباش اسی طرح کامیابی حاصل کرتے رہو

(5) ہمارے نبی کا فرمان ہے علم حاصل کرو چاہے تمہیں ملک چین جانا پڑے

(XVI) ''نحو'' کی تعریف کیجئے۔ 1x5=5

----------XX----------